سوال

(398)کیا رمضان میں مرنے والا بلاتاخیر جنت میں جاتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رمضان میں مرنے والا بلاتاخیر جنت میں جاتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جنت اور دوزخ کے معاملے میں اللہ تعالیٰ نے ایک واضع معیار بیان کردیا ہے اوروہ یہ کہ آپ ایمان والے ہوں، آپ اچھا عمل کرنے والے ہوں، آپکا روزِ آخرت پر ایمان ہو، اب اس معیار پر جو پورا اترے گا وہ جنت میں جائے گا، جو اس پر پورا نہیں اترتا اسکے لئے رمضان کا مہینہ کچھ نہیں کرسکتا، یہ مہینے تو اللہ تعالیٰ نے اس لئے مقرر کئے ہیں تاکہ آپ ان میں اچھے عمل کرکے خود کو جنت کا مستحق بنالیں۔

حساب وکتاب کے بغیر صرف وہی لوگ جنت میں جائیں گے، جن کا تذکرہ اس حدیث مبارکہ میں کیا گیا ہے۔

«هم الذين لا يسترقون، ولا يكتوون، ولا يتطيرون، وعلى ربهم يتوكلون»

جو دم نہیں کرواتے، داغ نہیں لگواتے، بدفالی نہیں لیتے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔

(فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ. فتاوی إسلامیۃ" (2/162)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2